## سوال

تقدیر

## جواب

تقدیر کا معنی و مفہوم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ تقدیر کیا ہے ، وضاحت فرمادیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! تقدیر کا لغوی مفہوم 'اندازہ کرنا، وزن کرنا، طے کرنا اور مقرر کرنا' ہے۔ جبکہ شرعا تقدیر یہ ہے کہ کائنات کی ہر چھوٹی بڑی، اچھی بری چیز صرف اللہ تعالیٰ کے ارادہ، قدرت، مشیت اور علم سے وجود میں آئی ہے۔ لیکن اس کا یہ ہرگز مفہوم نہیں ہے کہ انسان مجبور محض ہے۔ بلکہ اللہ تعالی نے اسے عقل وشعور سے نوازا ہے اور خیر و شر کو اس کے سامنے واضح کردیا ہے۔ اب وہ ان میں سے جس کو چاہے اختیار کرسکتا ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے۔ : أَلَمْ نَجْعَل لَّهُ عَيْنَيْنِ O وَلِسَانًا وَشَفَتَيْنِ O وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ O البلد، 90 : 10-8 "کیا ہم نے اس (انسان) کے لئے دو آنکھیں نہیں بنائیں o اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں بنائے o اور ہم نے اسے دونوں راہیں نمایاں دکھا دیں o" اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انسان محض مجبور نہیں کہ وہ اپنی مرضی سے کچھ کرہی نہ سکے مگر یہ کہ جو کچھ اس کے ہاتھوں سرزد ہوا اور جو کچھ آئندہ ہونے والا ہے سب اللہ کے علم میں ہے۔ اسی کا نام تقدیر ہے اور اس پر ایمان لانا ایمان بالقدر کہلاتا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی